سوال

(255)اجنبی اور غیر محرم کی موجودگی میں عورت نماز کیسے پڑھے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب اجنبی اور غیر محرم موجود ہوں تو عورت نماز کس طرح پڑھے ، مثلاً جیسے کہ بیت اللہ میں ہوتا ہے ، یا سفر کے دوران میں کوئی ایسی مسجد نہیں ہوتی جس میں عورتوں کے لیے جگہ مخصوص ہو ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

عورت پر واجب ہے کہ نماز کے دوران اپنے چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ اپنا سارا جسم ڈھانپے اور چھپائے ۔ لیکن اگر کوئی جگہ ایسی ہو جہاں اجنبی اور غیر محرم بھی موجود ہوں تو اسے اپنے چہرے اور ہاتھوں سمیت سارا جسم چھپا کر نماز پڑھنی چاہیئے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 233

محدث فتویٰ